QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 225

کیسکو کی جانب سے شمسی توانائی پر منتقلی منصوبہ کے پانچویں مرحلہ پر کام شروع

حکومت کی جانب سے مجموعی طور پر صوبہ کے 26 ہزار 921 زرعی صارفین کو 53.842 بلین روپے کی رقم کی ادائیگی کردی گئی ہے

کوئٹہ: 17 مارچ 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی منصوبہ کے پانچویں مرحلے (فیز فائیو) پر کام شروع کردیا ہے۔ فیز فائیو میں شامل 1243 زرعی صارفین کو حکومت کی جانب سے تقریباً 2 ارب 48 کروڑ 60 لاکھ روپے (2.486 بلین) کی ادائیگی بھی کردی گئی ہے۔ جس کے بعد کیسکو ٹیموں کی جانب سے پانچویں مرحلے (یعنی فیز فائیو) میں شامل زرعی کنکشنز منقطع کرکے اُن سے منسلک زرعی ٹرانسفارمرز، بجلی کے کھمبے اور دیگر آلات بھی ہٹائے جارہے ہیں تاکہ یہ مذکورہ زرعی کنکشنز دوبارہ کیسکو نیٹ ورک سے منسلک نہ ہوسکیں۔

حکومت کی جانب سے صوبہ کے تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنوں کی سولرائزیشن منصوبہ شروع کیا گیا تھا جس کے تحت صوبہ کے تمام زمینداروں کو مرحلہ وار فیز ون، فیز ٹو، فیز تھری، فیز فور اور فیز فائیو کے تحت شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے رقم کی ادائیگی کردی گئی ہے۔ پہلے مرحلہ (یعنی فیز ون) میں شامل زرعی صارفین کو حکومت کی جانب سے 5.398 بلین روپے کی ادائیگی کے بعد 2699 زرعی کنکشنز منقطع کردیئے گئے۔ منصوبہ کے دوسرے مرحلے (یعنی فیز ٹو) کے تحت 3729 زرعی صارفین کو حکومت کی جانب سے 7.458 بلین روپے سولرائزیشن کی مد میں جاری ہونے کے بعد مذکورہ زرعی کنکشنز کیسکو نیٹ ورک سے منقطع کردیئے گئے۔ اسی طرح اس منصوبہ کے تیسرے مرحلے (یعنی فیز تھری) کے تحت 14 بلین روپے کی ادائیگی کے بعد کیسکو ٹیموں نے 7000 زرعی کنکشنز منقطع کردیئے۔ سولرائزیشن منصوبہ کے فیز فور کیلئے حکومت کی جانب سے 24.5 بلین روپے جاری کرنے کے بعد کیسکو نے فیز فور میں شامل 12 ہزار 250 زرعی کنکشنز منقطع کردیئے اور اب فیز فائیو کیلئے حکومت کی جانب سے تقریباً 2 ارب 48 کروڑ 60 لاکھ روپے (2.486 بلین) کی ادائیگی کے بعد کیسکو نے 1243 زرعی کنکشنز منقطع کرنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے اور اس طرح حکومت کی جانب سے شمسی توانائی پر منتقلی منصوبہ کے سلسلے میں صوبہ بلوچستان کے 26 ہزار 921 زرعی صارفین کو مجموعی طور پر 53.842 بلین روپے کی رقم ادا کردیئے گئے ہیں ۔

شمسی توانائی پر منتقلی اور رقوم کی ادائیگی کے بعد صوبہ کے بعض علاقوں میں کچھ زرعی صارفین نے زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور اُن سے منسلک برقی آلات کیسکو کو واپس کردیئے جبکہ دیگر زرعی صارفین نے عدم تعاون کرتے ہوئے ابھی تک مذکورہ زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور ان سے منسلک برقی آلات کیسکو ٹیموں کے حوالے نہیں کئے ہیں سولرائزیشن منصوبہ کے مطابق حکومت کی جانب سے فی کس زمینداروں کو 20 لاکھ روپے کی ادائیگی کے بعد زرعی صارفین اپنے ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں جسکے لئے صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 بھی منظوری ہوچکی ہے اور اس قانون کے تحت جن زمینداروں کو رقم مل چکی ہے اور اُنہوں نے ابھی تک ٹرانسفارمرز، کھمبے اور برقی آلات واپس نہیں کئے ہیں تو اُن کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اب تک شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے زمینداروں کی جانب سے 14 ہزار 447 زرعی ٹرانسفارمرز اور اُن سے منسلک دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کردیئے گئے ہیں جبکہ مختلف آپریشن سرکلز میں زرعی صارفین نے 12 ہزار 474 ٹرانسفارمرز اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات رقوم ملنے کے باوجود تاحال کیسکو کو واپس نہیں کئے ہیں۔

کیسکو نے شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے تمام زرعی صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے زرعی کنکشن سے منسلک ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی آلات کی واپسی کے عمل میں کیسکو سے تعاون کریں تاکہ یہ منصوبہ جلد پایہ تکمیل تک پہنچائی جاسکے۔